نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ پنجاب میں غیر موسمی سبزیوں کی کاشت کے فروغ کے لیے لاہور میں اہم اجلاس

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت صوبہ میں ہائی ویلیو ایگریکلچر اور زراعت میں جدت کو فروغ دیا جا رہا ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور18دسمبر2025: وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر صوبہ پنجاب میں غیر موسمی سبزیوں کی کاشت کے فروغ کے لیے ایک اہم اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔اجلاس کی صدارت وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کی۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید و دیگر افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں صوبہ پنجاب میں ٹماٹر اور پیاز کی کاشت کے لیے جامع ایکشن پلان کی تیاری پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ زراعت میں جدت اور ہائی ویلیو ایگریکلچر کا فروغ وزیراعلیٰ پنجاب کا واضح ویژن ہے جس کے تحت کسانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی سے روشناس کرایا جا رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ صوبہ پنجاب میں ٹماٹر کی پیداوار چھ ماہ تک لگا تار حاصل کرنا حکومت کا ہدف ہے۔وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹماٹر اور پیاز کی غیر موسمی کاشت کے لیے موزوں علاقوں کی نشاندہی کی جائے گی تاکہ پیداوار میں تسلسل اور استحکام لایا جا سکے۔انہوں نے بتایا کہ ٹماٹر کی کاشت کے لیے ہائیڈروپونک ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ شہری علاقوں میں سبزیوں کی پیداوار بڑھانے کے لیے روف ٹاپ گارڈننگ کو بھی فروغ دیا جائے گا، جس سے نہ صرف شہری خود کفالت بڑھے گی بلکہ تازہ سبزیوں کی دستیابی میں بھی اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ رواں برس صوبہ پنجاب میں 3500 ایکڑ رقبے پر غیر موسمی ٹماٹر کی کاشت کرائی گئی ہے، جو اس سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔اجلاس کے اختتام پر غیر موسمی سبزیوں کی کاشت کے فروغ کے لیے مختلف تجاویز اور سفارشات پر اتفاق کیا گیا۔

☆☆☆☆